352499

ACHARYA SCHOOL OF DESIGN
LIBRARY
Date..........
BENGALURU - 560 107

AECUD44

Reg. No. | | | | | | | |

**IV Semester B.B.A./B.C.A./B.H.M. F.A.D. Degree Examination,.June/July -2026**

**URDU**

**Prose, Poetry, Grammar and Non-detail**

**(SEP Scheme Freshars 2025-26 Onwards)**

**Paper: IV**

**Time: 3 Hours** **Max. Marks: 80**

***Instructions to Candidates:***

(1) تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔ (2) ہر سوال کے سامنے نمبرات درج ہیں۔

**I.** صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔ **(10×1=10)**

1. سرسید نے ________ رسالہ جاری کیا۔

(a) تہذیب الاخلاق (b) الہلال (c) زمیندار

2. مولانا آزاد کی مادری زبان ________ تھی۔

(a) اُردو (b) فارسی (c) عربی

3. شاعر اپنے شعر میں جو نام استعمال کرتا ہے، اُسے ________ کہتے ہیں۔

(a) لقب (b) نام (c) تخلص

4. اُردو زبان کی شناخت ________ رسم الخط سے ہے۔

(a) دیوناگری (b) نسخ (c) نستعلیق

5. تاج محل کہاں واقع ہے ؟

(a) دہلی (b) آگرہ (c) بمبئی

[P.T.O.

6. ''اُردو پر مولانا آزاد کے احسانات'' کے مضمون نگار پروفیسر بی۔شیخ علی ہیں۔ (صحیح ۔ غلط)

7. مثنوی ''امن نامہ'' کے شاعر جان نثار اختر ہیں۔ (صحیح ۔ غلط)

8. ''ہندوستان جنت نشان'' صالحہ عابد حسین کا لکھا ہوا ہے۔ (صحیح ۔ غلط)

9. حرف عطف وہ ہیں جو دو یا دو سے زیادہ جملوں کو ملانے کا کام دیتے ہیں۔ (صحیح ۔ غلط)

10. اوہو، ہائے، واہ جو جوش یا جذبہ میں بے تحاشا زبان سے نکل جائے حروف فجائیہ کہلاتے ہیں۔(صحیح ۔ غلط)

**II.** کسی دو کے تفصیلی جواب لکھیئے۔ **(2×10=20)**

1. سرسید احمد خان کی ادبی خدمات اور تہذیب الاخلاق کی اہمیت بیان کریں۔

2. مولانا ابوالکلام آزاد کی تصانیف اور اُردو ادب پر ان کے اثرات بیان کریں۔

3. اصطلاح کی تعریف کرتے ہوئے کسی تین اصطلاحوں کی وضاحت کیجئے۔

**III.** کسی دو سوالات کے مختصر جواب لکھیئے۔ **(2×6=12)**

1. سرسید کی انشاپردازی کے انداز پر روشنی ڈالیں۔

2. مولانا ابوالکلام آزاد کے اسلوب بیان کی خصوصیات بیان کریں۔

3. دیوان اور کلیات میں فرق واضح کریں۔

4. نستعلیق رسم الخط کی خصوصیات بیان کریں۔

**IV.** متن کے حوالے سے کسی چار جملوں کی وضاحت کیجئے۔ **(4×2=8)**

1. ''سبحان اللہ! ہمارا کفر بھی کیا کفر ہے، کہ کسی کو حاجی، کسی کو کافر اور کسی کو مسلمان بناتا ہے۔''

2. ''مولانا حالی نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ ایڈیٹر صاحب اپنے صاحبزادے کو بھیج دیئے ہیں۔ جب حقیقت کھلی تو وہ حیران ہو گئے۔''

3. ''علم حاصل کرو چاہے اس کے لئے چین جانا پڑے۔''

ACHARYA SCHOOL OF DESIGN LIBRARY BENGALURU

4. ''یار بڑی تعریفیں کہتی تھیں اس کشمیر کی سری نگر دیکھا۔ گل مرگ دیکھا۔ یہاں ہے کیا مسوائٹنواور پتوکے''

5. ''بمبئی شہر نہیں عادت ہے۔''

**V.** درجہ ذیل رباعیات کی تشریح یا مثنوی کا خلاصہ لکھیے۔ **(1×10=10)**

(a) کوشش ہے اپنی تمام ستائش کے لئے — کیا کیا کرتے ہیں ایک خواہش کے لئے
ہر ایک نمود پر مٹا جاتا ہے — پتلے مٹی کے ہیں نمائش کے لیے

(b) بلبل کی چمن میں ہم زبانی چھوڑی — بزمِ شعرامیں شعرخوانی چھوڑی
جب سے دل زندہ تونے ہم کو چھوڑا — ہم نے بھی تری رام کہانی چھوڑی

(c) کم ظرف اگر دولت وزر پاتا ہے — مانند حباب ابھر کے اتراتا ہے
کرتے ہیں ذراسی بات پر فکرخسیس — تنکا تھوڑی ہوا سے اڑجاتا ہے

**(یا)**

''امن نامہ'' کا خلاصہ لکھیے۔

**VI.** کسی دو کے جواب لکھیے۔ **(2×5=10)**

1. حروف ربط کی تعریف کرتے ہوئے اس کی مثالوں کو واضح کیجئے۔
2. حروف تخصیص کی تعریف کرتے ہوئے اسکی مثالیں لکھیے۔
3. حروف کی تعریف کرتے ہوئے اسکی قسمیں مع مثالیں لکھیے۔

**VII.** کسی دوسوالوں کے جواب لکھیے۔ **(2×5=10)**

1. کشمیر کی خوبصورتی پر مصنفہ کے خیالات کا اظہار اپنے الفاظ میں لکھیں۔
2. اجنتااور ایلورا کی اہمیت کو مصنفہ نے کس انداز میں بیان کیا ہے؟ لکھیں۔
3. حیدرآباد کے بارے میں مصنفہ کے تاثرات کیا ہیں؟ بیان کریں۔

---